اولاد کی صحیح تربیت نوافل میں مشغولیت سے بہتر ہے (ردالمحتار)

اہلِ اسلام اہلِ سنت وجماعت کی صحیح رہنمائی کرنیوالا مسلمان بچوں اور بچیوں کو سچا پکا سنی حنفی محمدی بنانے والا ایک نفیس ومبارک سلسلہ

یعنی

مرتبہ

خلیل العلماء مفتی محمد خلیل خاں قادری برکاتی

شیخ الحدیث دار العلوم احسن البرکات (ٹرسٹ)
حیدرآباد (سندھ) پاکستان

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

مطبع باشم اینڈ حماد پرنٹرز لاہور
الطبع الاول رجب 1424ھ / اگست 2003ء
ہدیہ -/140 روپے

Farid Book Stall®
Phone No:092-42-7312173-7123435
Fax No.092-42-7224899
Email:info@faridbookstall.com
Visit us at:www.faridbookstall.com

پہلے بھی، ان میں جو شریر و کافر ہوتے ہیں، انھیں شیطان کہا جاتا ہے۔

۶۔ جس طرح ہم لوگ پیدا ہوتے اور مر جاتے ہیں اور ہر چیز فنا ہوتی اور مٹتی رہتی ہے ایک دن ایسا آئے گا کہ یہ ساری دنیا فرشتے، پہاڑ، جانور، آدمی، زمین آسمان اور ان کے اندر کی سب چیزیں فنا ہو جائیں گی۔ خدا کی ذات کے سوا کوئی بھی چیز باقی نہیں رہے گی، اس کو قیامت کہتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ تمام چیزوں کو دوبارہ پیدا کرے گا۔ مُردے قبروں سے اٹھیں گے۔ سب کو ایک میدان میں جمع کیا جائے گا، اس کا نام حشر ہے۔ پھر میزان (ترازو) قائم ہوگی اور سب کا حساب کتاب ہوگا۔ مسلمان و کافر اور نیک و بد کے تمام اعمال تولے جائیں گے اور اُن کے اچھے بُرے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ اچھے آدمی جنت میں داخل کئے جائیں گے اور کافر دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے۔

۷۔ جہنم کے اُوپر ایک پُل ہے جسے "صراط" کہتے ہیں۔ یہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ سب لوگوں کو اُسی پر سے گزرنا ہوگا، جنت میں جانے کا یہی راستہ ہے۔

۸۔ دنیا میں جیسا ہونے والا تھا اور جو جیسا کرنے والا تھا اللہ تعالیٰ کو اس کا علم پہلے ہی تھا۔ ان تمام باتوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے علم کے مطابق لکھ دیا، اور جو کچھ لکھ دیا وہی ہوگا اُس میں بال برابر فرق نہ آئے گا، اسے "تقدیر" کہتے ہیں۔

سبق نمبر ۲

اِسلام کی تعریف

سوال ۱ : تم کون ہو؟

جواب : ہم مسلمان ہیں۔

سوال ۲ : مسلمان کسے کہتے ہیں؟

جواب : دینِ اسلام کی پیروی کرنے والے کو مسلمان کہتے ہیں۔

سوال ۳ : اسلام کی بنیاد کن چیزوں پر ہے؟

جواب : اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔

۱۔ اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے خاص بندے اور رسول ہیں۔

۲۔ نماز قائم کرنا ۳۔ زکوٰۃ دینا ۴۔ حج کرنا ۵۔ ماہِ رمضان کے روزے رکھنا۔

سوال ۴ : اسلام کا کلمہ کیا ہے ؟

جواب : اسلام کا کلمہ یہ ہے : لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (ﷺ)

سبق نمبر ۳

ایمان اور کفر

سوال ۵ : ایمان کسے کہتے ہیں ؟

جواب : محمد رسول اللہ ﷺ کو ہر بات میں سچا جاننا اور حضور (کی حقانیت) کو سچے دل سے ماننا ایمان ہے۔ جو اس بات کا اقرار کرے گا۔ اُسے مسلمان جانیں گے۔

سوال ۶ : بغیر مطلب سمجھے صرف زبان سے کلمہ پڑھ لینے سے آدمی مسلمان ہو جاتا ہے یا نہیں ؟

جواب : اگر کوئی کلمہ کے معنی سمجھانے والا نہیں ہے یا ہے بھی تو وہ معنی سمجھتا نہیں۔ اگر وہ زبان سے اتنا اقرار کرے کہ میں دینِ محمدی کو سچا جانتا اور اُسے قبول کرتا ہوں تو وہ شخص مسلمان ٹھہرے گا۔

سوال ۷ : جو لوگ اسلام کا اقرار نہ کریں وہ کون ہیں ؟

جواب : ایسے لوگوں کو جو اسلام کو سچا دین نہ مانیں، کافر کہا جاتا ہے۔

سوال ۸ : مرتد کسے کہتے ہیں ؟